سوال

(282) ہمارے گھر میں ایک غیر مسلم ملازمہ ہے تو کیا۔۔۔۔۔۔؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہمارے گھر میں ایک غیر مسلم ملازمہ ہے تو کیا ہمارے گھر کی خواتین کے لئے اس کے ساتھ مل جل کر بیٹھنا، سونا اور کھانا جائز ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس میں کوئی حرج نہیں اور علماء کے صحیح قول کے مطابق گھر کی خواتین کے لئے اس سے پردہ کرنا واجب نہیں ہے ہاں البتہ یہ ضرور واجب ہے کہ اس سے ایک مسلمان عورت کا سامعاملہ نہ کریں بلکہ اس سے اللہ کی خاطر بغض رکھیں کیونکہ

ارشاد باری تعالی ہے :

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِي إِبْرَاهِيمَ وَالَّذِينَ مَعَهُ إِذْ قَالُوا لِقَوْمِهِمْ إِنَّا بُرَآءُ مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاءُ أَبَدًا حَتَّىٰ تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَحْدَهُ (الممتحنة ۶۰/۴)

''(اے اہل ایمان) تمہارے لئے ابراہیم (علیہ السلام) اور ان کے رفقاء (ساتھیوں) میں بہترین نمونہ ہے جب انہوں نے اپنی قوم کے لوگوں سے کہا کہ ہم تم سے اور ان (بتوں) سے جن کو تم اللہ کے سوا پوجتے ہو، بے تعلق ہیں (اور) تمہارے (معبودوں کے کبھی قائل نہیں ہوسکتے) اور جب تک تم اللہ وحدہ پر ایمان نہ لاؤ ہمارے اور تمہارے درمیان کھلم کھلا عداوت اور دشمنی رہے گی۔''

اور اہل خانہ پر واجب ہے کہ یہ ملازمہ اگر مسلمان نہ ہو تو اسے اس کے ملک میں واپس بھیج دیں کیونکہ یہ جائز نہیں کہ جزیرۃ العرب میں کوئی یہودی یا عیسائی یا کوئی اور مشرک، خواہ وہ مرد ہو یا عورت باقی رہنے دیا جائے کیونکہ نبی کریم ﷺ نے یہ وصیت فرمائی تھی کہ انہیں اس جزیرہ سے نکال دیا جائے اور پھر ان امور کو سرانجام دینے کے لئے مسلمان مرد اور عورتیں بہت ہیں۔ مسلمانوں میں ان کا وجود اس اعتبار سے بھی خطرہ سے خالی نہیں ہے کہ اس سے مسلمانوں کا عقیدہ واخلاق بھی خراب ہوتا ہے لہذا جزیرۃ العرب کے تمام مسلمانوں پر یہ واجب ہے کہ وہ خدمت یا دیگر کاموں کے لئے غیر مسلم ملازموں کو نہ رکھیں تاکہ نبی کریم ﷺ کی وصیت پر عمل کر سکیں اور ان بے شمار خطرات ونقصانات سے بچ سکیں جو غیر مسلموں کے ساتھ اختلاط سے مسلمان مردوں اور عورتوں کے عقیدہ واخلاق کو لاحق ہوتے ہیں۔ اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ مسلمانوں کو ان سے بے نیاز ہوجانے کی توفیق بخشے اور ان کے شر سے محفوظ رکھے، انہ جواد کریم۔

مقالات وفتاویٰ ابن باز

صفحہ 377

محدث فتویٰ